مریض اور نگراں کے لیے تعلیم

اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کے لیے داخلے کے لیے کیا کیا پیک کرنا چاہیے

یہ معلومات آپ کو یہ جاننے مدد دے گی کہ اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کے لیے ہسپتال میں داخل ہوتے وقت آپ کو اپنے ساتھ کیا کیا لانا چاہیے۔ اس ریسورس میں، لفظ "آپ" کا مطلب ہے آپ یا آپ کا بچہ۔

کپڑے اور جوتے

- ڈھیلا ڈھالا، آرام دہ لباس جیسے پاجامہ، سویٹ شرٹس اور سویٹ پینٹ۔
  - ہو سکے تو (بٹن یا زپ سے) سامنے سے کھلنے والی قمیضیں لائیں۔ اس سے آپ کی ہیلتھ کیئر ٹیم آپ کے سینٹرل وینس کیتھیٹر (CVC) تک آسانی سے رسائی حاصل کر سکتی ہے۔
  - ہو سکے تو ایسی پینٹس ساتھ لائیں جن میں الاسٹک کی بجائے ازار بند ہو۔ یہ کچھ کیمو تھراپیز کی وجہ سے ہونے والی جلد کی جلن روکنے میں مدد کرتا ہے۔
- باتھ روبز۔
- صاف انڈرویئر۔
- ایسی چپل جو سلپ نہ ہو۔
- ہالز میں چہل قدمی کرنے اور جسمانی تھراپی (PT) اور پیشہ ورانہ تھراپی (OT) کی مشقوں کے دوران پہننے کے لیے جوتے۔

جتنے دن آپ ہسپتال میں ہیں آپ کو روزانہ کپڑے بدلنے ہوں گے۔ یونٹ پر ایک مشترکہ لانڈری روم ہے لیکن خوشبو سے پاک، ہائپو الرجینک ڈٹرجنٹ آپ خود لائیں گے۔ Tide® فری اینڈ جنٹل، dref® اور Arm & Hammer™ سینسٹو سکن اس کی کچھ مثالیں ہیں۔

اختیاری اشیاء

ہسپتال میں اپنے آرام اور وقت گزاری کے لیے آپ دیگر بھی اشیاء لا سکتے ہیں۔ کوشش کریں کہ اتنی زیادہ اشیاء نہ لائیں کہ آپ کا کمرہ بے ترتیب ہو جائے۔

آپ یہ اشیاء لا سکتے ہیں:

- اسکارف یا ہیٹ۔
- تکیے (پروں والے تکیوں کے علاوہ)، کمبل، کمفرٹر اور سٹفڈ اینیملز۔
  - برائے مہربانی ان اشیاء کو ہسپتال لانے سے پہلے دھو لیں۔
- نیل فائل۔
- کمرے کی سجاوٹ والی اشیاء، جیسے فوٹوز۔
- DVDs
- لیپ ٹاپ، ٹیبلیٹ (جیسے iPad) یا گیمنگ سسٹم۔

M9 پینٹری میں ایک مشترکہ ریفریجریٹر ہے جہاں آپ اپنے پسندیدہ کھانے رکھ سکتے ہیں۔

اپنی ٹرانسپلانٹ ٹیم سے بلا جھجھک کسی بھی اضافی ذاتی چیز کے بارے میں پوچھیں جو آپ اپنے قیام کو مزید آرام دہ بنانے کے لیے لانا چاہتے ہیں!

If you have questions or concerns, contact your healthcare provider. A member of your care team will answer Monday through Friday from 9 a.m. to 5 p.m. Outside those hours, you can leave a message or talk with another MSK provider. There is always a doctor or nurse on call. If you're not sure how to reach your healthcare provider, call 212-639-2000.

مزید وسائل کے لیے، www.mskcc.org/pe پر جا کر ہماری ورچوئل لائبریری تلاش کریں۔

تمام حقوق Memorial Sloan Kettering Cancer Center کے زیرِ ملکیت اور محفوظ ہیں

Memorial Sloan Kettering Cancer Center